INTERLOOP

حصص یافتگان کو حتمی نوٹس (D-2 & D-3)

بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ انٹرلوپ لمیٹڈ (کمپنی) کی طرف سے اعلان کردہ منافع منقسمہ (D-2 & D-3) جس کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر موجود ہیں، واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے لے کر تین سال کی مدت تک غیر دعویٰ شدہ ہے۔

شیئر ہولڈرز کو 16 فروری، 2023 کو ان کے آخری معلوم پتے پر رجسٹرڈ ڈاک سے نوٹس بھیجا گیا تھا کہ وہ تین ماہ کے اندر کمپنی کو اپنے دعوے پیش کریں مگر چند استثنات کے سوا کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔

کمپنی، شیئر ہولڈرز کو مزید اگلے 90 دنوں کے اندر دعوے پیش کرنے کی دعوت دیتی ہے، اور اگر اس نوٹس میں دی گئی مدت کے اندر کوئی دعویٰ موصول نہ ہوا تو کمپنی، کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے سب سیکشن (2) کی دفعات کے مطابق یہ غیر دعویٰ شدہ رقم وفاقی حکومت کے پاس جمع کروانے کی کاروائی کا آغاز کر دیا جائے گا۔

فیصل آباد
بتاریخ: 23 مئی، 2023

(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری